ترجمان الحدیث کی خصوصی اشاعت ”مولانا محمد اسحاق بھٹی حیات و خدمات“ پر تبصرے

جناب قاضی عبدالقدیر خاموش حفظہ اللہ کہتے ہیں

جامعہ سلفیہ نے مولانا بھٹی صاحب پر خصوصی نمبر شائع کر کے محبت کا حق ادا کر دیا ہے اور یہ ”اشاعت خاص“ واقعی مولانا محمد اسحاق بھٹی رحمۃ اللہ علیہ کے شایان شان ہے۔

جناب میاں محمد طاہر حفظہ اللہ تعالیٰ (مدیر ماہنامہ صوت الحرمین) کہتے ہیں

ترجمان الحدیث کے خصوصی شمارے کے ایک ایک صفحے سے مولانا بھٹی صاحب کے ساتھ محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ جامعہ سلفیہ اس اشاعت پر مبارکباد کا مستحق ہے

جناب مولانا محمد رمضان یوسف سلفی حفظہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں

ایڈیٹر ماہنامہ صدائے ہوش لاہور

لوک گلاں کردے رہ گئے تے ”جامعہ سلفیہ“ بازی لے گیا

شیخ الحدیث مولانا افتخار احمد ازھری حفظہ اللہ فرماتے ہیں

ایڈیٹر مجلّہ بحر العلوم میرپور خاص

رسالہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ایسا لگا جیسے بھٹی صاحب دوبارہ زندہ ہو گئے ہیں ماشاء اللہ رسالہ اپنے اندر ہر خوبی کو سموئے ہوئے ہے۔

محترم ملک عبدالرشید عراقی حفظہ اللہ تعالیٰ تحریر فرماتے ہیں

ماہنامہ ترجمان الحدیث کی ”خصوصی اشاعت“ ایک جامع دستاویز مرتب ہو گئی ہے۔

چوہدری محمد سہیل گورداسپوری لکھتے ہیں

حضرت بھٹی صاحب کی وفات کے بعد رسائل و جرائد میں خصوصی نمبر شائع کرنے میں جریدہ ترجمان الحدیث سبقت لے گیا ہے۔ یقیناً یہ ایک اعزاز ہے